
## پاکستان میں قومی سطح پر بکری (26% ) اور گائے (25% ) سب سے زیادہ پسند کیے جانے والے جانور ہیں۔ دیہی علاقوں میں گائے (30%) کو ترجیح دی جاتی ہے ، جبکہ شہری علاقوں میں بکری کو زیادہ پسند کیا جاتاہے(27% )۔




کوئی جانور پسند نہیں :9%

دیگر جوابات :9%

معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :1%

برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ جانورکون سا ہے ؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سماجی رویے**

ذاتی ترجیحات

پسندیدہ جانور

## پاکستان میں قومی سطح پر بکری (26%) اور گائے (25%) سب سے زیادہ پسند کیے جانے والے جانور ہیں۔ دیہی علاقوں میں گائے (30%) کو ترجیح دی جاتی ہے ، جبکہ شہری علاقوں میں بکری کو زیادہ پسند کیا جاتا ہے (27%)۔


**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 22 جولائی 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان بھر میں بکری (26%) اور گائے (25%) سب سے زیادہ پسند کیے جانے والے جانور ہیں۔ 10% جوابدہندگان نے پسندیدہ جانور کے طور پر بلی کا انتخاب کیا، جبکہ 8% جوابدہندگان نے تمام جانوروں کیلئے یکساں پسندیدگی کا اظہار کیا اور 9% جوابدہندگان نے کسی بھی جانور کیلئے کوئی خاص پسندیدگی یا ترجیح ظاہر نہیں کی۔ دیہی علاقوں میں، گائے اور بکری کو زیادہ پسند کیا جاتا ہے (56%)۔ شہری علاقوں میں رہنے والے 14% افراد نے بلی کو زیادہ پسند کرنے کا بتایا یا پسندیدہ جانوروں کے حوالے سے وسیع رینج کا ذکر کیا، جس میں 15% نے دیگر جانوروں کا انتخاب کیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ جانور کون سا ہے؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 26% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا پسندیدہ جانور "بکری" ہے، 25% جوابدہندگان کے مطابق "گائے"، 10% جوابدہندگان کے مطابق "بلی"، 4% جوابدہندگان کے مطابق "کتا"، 4% جوابدہندگان کے مطابق "پرندے"، 3% جوابدہندگان کے مطابق "مرغیاں"، اور 1% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا پسندیدہ جانور "خرگوش" ہے، جبکہ 8% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں تمام جانور پسند ہیں، 9% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں کوئی جانور پسند نہیں ہے، جبکہ 9% جوابدہندگان نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ جانور کون سا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری-دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج**: دیہی علاقوں میں رہنے والے 30% افراد جانوروں میں گائے کو ترجیح دیتے نظر آئے، جبکہ شہری علاقوں میں اس حوالے سے شرح 16% پائی گئی۔ بکری کا انتخاب دیہی (26%) اور شہری (27%) دونوں علاقوں میں تقریباً یکساں دیکھنے میں آیا۔ جبکہ، دیہی علاقوں میں رہنے والے 8% افراد اور شہری علاقوں میں رہنے والے 14% افراد جانوروں میں بلی کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ شہری افراد کی ایک بڑی تعداد نے کسی بھی جانور کو پسند نہ کرنے کی تصدیق کی (13%) یا پسندیدہ جانوروں کے حوالے سے وسیع رینج کا ذکر کیا، جس میں 15% نے دیگر جانوروں کا انتخاب کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 22nd July 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)